
# USER's MANUAL

# (مینئول)        رہنمائی کتابچہ

# TAC GRADE

## *Poultry Scale for Grading/Sorting*

**MODEL: TAC-GS-01**




**Capacity: 20Kg, Resolution: 01 gram**

**Charging Specs: 5.0V, 2.5A**

**PORT:USB TYPE-B for charging.**

***Version: 1.0.0.0***


**THE AUTOMATION COMPANY**

F-453, Satellite Town, Rawalpindi, Pakistan. Contact#: 03005011996

www.tac.com.pk

# 1. OPERATION

## 1.1 POWER ON

(ٹیک سکیل۔ا) کو آن کرنے کے لیے [سرخ بٹن] دبائیں۔

## 1.2 POWER OFF

اسکیل کو آف (بند) کرنے کے لیے [سرخ بٹن] کو 3 سیکنڈ کے لیے دبائے رکھیں۔

## 1.3 (آٹو پاور آف) AUTO POWER OFF

(ٹیک سکیل۔ا) خود بخود بند ہو جائے گا اگر سیکشن 2.7 میں متعین کردہ وقت کے لیے وزن مستحکم ہو اور کوئی بٹن نہیں دبایا جائے۔(اگر کوئی بٹن دبایا گیا یا وزن تبدیل کیا گیا تو پاور آف ٹائمر ری۔سیٹ ہو جائے گا)۔

## 1.4 (وزن کو صفر کرنا) TARE WEIGHT (ZERO READING)

0.000 A

وزن کو صفر کرنے کے لیے [سرخ بٹن]۔ دبائیں۔اس سے کوئی بھی غیر ضروری وزن ختم ہو جائے گا، اور سکرین پر صفر ریڈنگ ظاہر ہو جائے گی۔اصل وزن کی پیمائش کرنے سے پہلے اسکرین پر صفر وزن ہونا لازمی ہے۔

## 1.5 (مین اسکرین) MAIN SCREEN

0.125 n | 0.000 A | 0.125 o.n

یہ مین سکرین ہے۔

بائیں 4 سے 5 ہندسے کلو گرام (کلو گرام) میں وزن ظاہر کرتے ہیں۔سب سے دائیں ہندسہ سیونگ موڈ کی نشاندہی کرتا ہے۔

A کا مطلب آٹو "سیونگ موڈ" ہے، اور n مینول سیونگ موڈ کو ظاہر کرتا ہے۔

دستی موڈ میں o. کا نشان اشارہ کرتی ہے کہ "وزن مستحکم ہے"

## 1.6 AUTO SAVING IN GRADING MODE (SEGREGATION)

0.000 A

یہ مین سکرین ہے۔

جب وزن متعین کردہ "فلٹر ٹائم" اور "سٹیبلائزیشن ٹائم" کے لیے مستحکم ہوتا ہے، تو وزن خود بخود "زیادہ وزن"، "کم وزن" اور "معیاری وزن" کے مختلف زمروں میں محفوظ ہو جاتا ہے۔

'گریڈنگ' کے دوران وزن کو درج ذیل زمروں میں تقسیم، دکھایا اور محفوظ کیا جاتا ہے:۔

**Under Weight**

Un≡ 0.300

اگر وزن "معیاری وزن کی حدود" سے کم ہے، تو اسے کم وزن یا ہلکا وزن کے طور پر درجہ بند کیا جائے گا، کم وزن کا کاؤنٹر بڑھے گا، اور اوپر دکھائی گئی اسکرین میں 'Un' کے نشان کے ساتھ اینیمیٹڈ بار نیچے کی طرف جاتا ہوا دکھائی دے گا۔ اور دائیں جانب وزن لکھا ہو گا۔

**Standard Weight**

--0.510--

اگروزن "معیاری وزن کی حدود" کے اندر ہے، تو اسے معیاری وزن یا ٹھیک وزن کے طور پر درجہ بند کیا جائے گا، معیاری وزن کا کاؤنٹر بڑھے گا، اور اوپر دکھائی گئی اسکرین میں دائیں اور بائیں جانب دو سطر (قطار) اور درمیان میں وزن لکھا ہوگا۔

Over Weight

0.700 0u3

اگروزن "معیاری وزن کی حدود" سے زیادہ ہے، تو اسے زیادہ وزن یا بھاری وزنکے طور پر درجہ بند کیا جائے گا، زیادہ وزن کا کاؤنٹر بڑھے گا، اور اوپر دکھائی گئی اسکرین میں 'Ov' کے نشان کے ساتھ اینیمیٹڈ بار اوپر کی طرف جاتا ہوا دکھائی دے گا۔ اور بائیں جانب وزن لکھا ہوگا۔

## 1.7 STATISTICS (GRADING COUNTS)

گریڈنگ کرنے کے بعد گریڈنگ کی مختلف زمروں میں گنتی یا تعداد دیکھنے کے لیے [دائیں تیر والے بٹن]- -کو 3 سیکنڈ تک دبائے رکھیں۔

گریڈنگ کی مختلف درجہ بندی (زیادہ وزن، معیاری وزن، کم وزن، بہت بھاری وزن اور بہت ہلکا وزن) کی گنتی دیکھنے کے لیے ہر بار [دائیں تیر والے بٹن]- -کو ایک بار دبائیں۔ آپ کو بالترتیب درج ذیل زمروں کی گنتی نظر آئیگی۔

### 1.7.1 t.C (Total Count) Total Birds Count

t.C 392

یہ تمام زمروں (کم وزن / معیاری وزن / زیادہ وزن) میں وزن کئے گئے پرندوں کی کل تعداد دکھائے گا۔

### 1.7.2 O.C (Over Count) Over Weight Birds Count

O.C 61

یہ زیادہ وزن والے پرندوں کی گنتی دکھائے گا۔

### 1.7.3 U.C (Under Count) Under Weight Birds Count

U.C 48

یہ کم وزن والے پرندوں کی گنتی دکھائے گا۔

### 1.7.4 S.C (Standard Count) Standard Weight Birds Count

S.C 254

یہ معیاری وزن والے پرندوں کی گنتی دکھائے گا۔

### 1.7.5 O.O(Over of Over) Over of Over Weight Birds Count

O.O 22

یہ (بہت زیادہ) وزن والے پرندوں کی گنتی دکھائے گا۔

### 1.7.6 U.U (Under of Under) Under of Under Weight Birds Count

U.U 7

یہ (بہت ہی کم) وزن والے پرندوں کی گنتی دکھائے گا۔

# 2. SETTINGS

بیک بٹن (پیچھے جانے کے لئے۔ یا کسی تبدیلی یا ترمیم کو منسوخ کرنے کے لئے یہ بٹن دبائیں)۔ BACK KEY/CANCEL KEY

سیٹ بٹن (منتخب کرنے کے لئے یا کسی تبدیلی یا ترمیم کو محفوظ کرنے کے لئے یہ بٹن دبائیں)۔ SET KEY/ SAVE KEY

دائیں تیر والا بٹن (سیٹنگ کے دوران دائیں طرف والے ہندسے پر جانے کیلیئے)۔

بائیں تیر والا بٹن (سیٹنگ کے دوران بائیں طرف والے ہندسے پر جانے کیلیئے)۔

نیچے تیر والا بٹن (مختلف سیٹنگ کو دیکھنے کیلیئے یا کسی نمبر اور ہندسے کو بڑھانے یا اضافہ کرنے کیلیئے)۔

اوپر تیر والا بٹن (مختلف سیٹنگ کو دیکھنے کیلیئے یا کسی نمبر اور ہندسے کو گھٹانے یا کمی کرنے کیلیئے)۔

سیٹنگز موڈ میں جانے کے لیے [فنکشن بٹن] -کو 3 سیکنڈ کے لیے دبائے رکھیں۔

('اوپر' اور 'نیچے' تیر والے بٹنوں)۔ - کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ سیٹنگ کو منتخب کریں۔ منتخبکردہ سیٹنگ میں ترمیم کرنے کے لیے دوبارہ [سیٹ بٹن]۔ - دبائیں۔ سیٹنگ کی مقدار یا قدر کو ضرورت کے مطابق تبدیل کرنے کیلیئے۔ - ("اوپر،" "نیچے،" "دائیں،" اور "بائیں") بٹنوں کا استعمال کریں۔ تبدیلیوں کو محفوظ کرنے اور واپس آنے کے لیے [سیٹ بٹن] - - دبائیں، یا بغیر محفوظ کیے واپس جانے کے لیے [بیک بٹن] - - دبائیں۔ اگلی سیٹنگ پر جانے کے لیے ['اوپر' اور 'نیچے' تیر والے بٹن]۔ -کا دوبارہ استعمال کریں، یا مرکزی اسکرین پر واپس جانے کے لیے 'بیک بٹن]۔ - کو دبائیں۔

مختلف سیٹنگز کی تفصیلات درج ذیل ہیں:۔

### 2.1 SET STANDARD WEIGHT: (SEt St.u)

SEt St.u

گریڈنگ کرنے کیلیئے سٹینڈرڈ وزن (Standard Weight) یعنی کے معیاری وزن کو آپ یہاں پر درج کریں گے۔

معیاری وزن کو درج کرنے کیلیئے پہلے اوپر والی سیٹنگ (SEt St.v) منتخب کریں، پھر [سیٹ بٹن] دبا کے ترمیمی موڈ میں جائیں، پھر [تیر والے بٹنوں] () کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ وزن درج کریں۔

پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلیئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے نئے وزن کا اندراج محفوظ ہو کر ترمیمی موڈ سے واپس آجائے گا۔

یا کسی بھی وجہ سے آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترامیم منسوخ ہو کے ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آجائیں گے۔

### 2.2 CLEAR DATA (Clean Memory Complete)

CLr dAtA

نئے ہاؤس یا شیڈ میں نیا وزن کرنے سے پہلے پچھلے وزن کی گنتی ڈیلیٹ (delete) یعنی حذف کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

پرانا ڈیٹا کو ڈیلیٹ یا کلیئر کرنے کیلیئے پہلے اوپر والی سیٹنگ (CLr dAtA) منتخب کر کے [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اسکرین پر (CLr SUrE) پیغام کے ساتھ آپ سے تصدیق مانگی جائے گی۔

CLr SUrE

اگر آپ یقینی طور پہ پر انا ڈیٹا ڈیلیٹ کرنا چاہتے ہیں تو دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں، جس سے پچھلا سارا وزن کا ڈیٹا کلیئر ہو جائیگا۔ اگر آپ پر انا ڈیٹا کو ڈیلیٹ کئے بغیر واپس ہونا چاہتے ہیں تو [بیک بٹن] دبائیں۔

`CLr donE` کلیر ڈن اسکرین دو سیکنڈ تک دکھنے کے بعد مین اسکرین پہ آ جائیں گے۔

## .2.3 SET GRADING PERCENTAGE: (SEt Gr.P)

`SEt Gr.P`

یہاں پر گریڈنگ کی فیصد یعنی (Percentage) منتخب کر سکتے ہیں۔ جس سے (معیاری / زیادہ / کم) وزن کی حدود کا تعین ہوتا ہے۔

سیکشن 2.1 میں درج معیاری وزن (Standard Weight) کی بنیاد پر، یہ آلہ "زیادہ وزن"، "کم وزن" اور "معیاری وزن" کی حدود کا حساب لگانے کے لیے گریڈنگ فیصد (Grading Percentage) کا استعمال کرتا ہے۔

مثال کے طور پر:

اگر "گریڈنگ فیصد (Grading Percentage)" کو 10.0٪ پر سیٹ کیا جائے اور سیکشن 2.1 میں "معیاری وزن (Standard Weight)" کو 1.500 کلو گرام پر سیٹ کیا گیا ہو تو وزن کی حدود درج ذیل سیٹ ہو جائینگی گی:

(1.500 کلو گرام کا ۱۰ فیصد 0.150 کلو گرام یا 150 گرام بنتا ہے۔)

| | |
|---|---|
| کم وزن کی حد: | 1.350 کلو گرام |
| زیادہ وزن کی حد: | 1.650 کلو گرام |
| بہت کم وزن کی حد: | 1.200 کلو گرام |
| بہت زیادہ وزن کی حد: | 1.800 کلو گرام |

گریڈنگ فیصد (Grading Percentage) کو تبدیل کرنے کیلیئے پہلے اوپر والی سیٹنگ (Set Gr.P) منتخب کر کے [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے آپ ترمیمی موڈ میں آ جائیں گے، پھر [تیر والے بٹنوں] () کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ گریڈنگ فیصد (Grading Percentage) کی قدر کو درج کریں۔ پھر ترمیم کو محفوظ کرنے کیلیئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے نیا اندراج محفوظ ہو کر ترمیمی موڈ سے واپس آ جائیں گے۔ یا کسی بھی وجہ سے آپ ترمیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترامیم منسوخ ہو کے ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آ جائیں گے۔

## .2.4 SET MINIMUM/LOWEST WEIGHT (SEt n.vt)

`SEt n.vt`

کم از کم وزن کی حد کو یہاں سے منتخب کر سکتے ہیں۔

گریڈنگ کرتے وقت اگر وزن یہاں پر منتخب کئے ہوئے حد سے کم ہو تو اس وزن پر کوئی کاروائی نہیں ہو گی، بلکہ اس کو نظر انداز کر دیا جائے گا۔

اس کا مقصد یہ ہے، کہ اسکیل پر غیر ضروری وزن ڈھلنے سے اصل گنتی میں خلل نہ پڑے۔

**مثلاً:** وزن کے لیے پیمانہ لٹکانے کی تیاری کے دوران، یا غلطی سے ہاتھ چھونے سے یا کوئی دوسری چیز کے ٹکرانے سے غلط وزن پر عمل کرنے سے روکنا۔

`L.vt 0.100`

کم از کم وزن کی قدر کو درج کرنے کیلیئے پہلے اوپر والی سیٹنگ (SEt n.vt) منتخب کریں، پھر [سیٹ بٹن] دبا کے ترمیمی موڈ میں جائیں، پھر [تیر والے بٹنوں] () کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ قدر درج کریں۔

پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلیئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے نئے قدر کا اندراج محفوظ ہو کر ترمیمی موڈ سے واپس آ جائے گا۔

یا کسی بھی وجہ سے آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترامیم منسوخ ہو کے ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آ جائیں گے۔

### 2.5. CLEAR PEN

CLr PEn

یہ سیٹنگ مستقبل میں استعمال کیلئے ہے، اس ورژن میں قابل استعمال نہیں۔۔

### 2.6. SEE ID : (SEE I.d)

SEt I.d

یہاں سے آپ سیریل نمبر دیکھ سکتے ہیں۔۔۔

### 2.7. SAVING MODE:

SEt A.SAu

خود کار طریقہ سے وزن کو محفوظ کرنے کو آپ یہاں سے 'آن' یا 'آف' کر سکتے ہیں۔ جس کو سیونگ موڈ (SAVING MODE) کہتے ہیں۔

'آن' کرنے کی صورت میں اسکیل (Scale) یعنی پیمانے پر وزن پڑتے ہی خود بخود وزن محفوظ ہو جائے گا، جبکہ 'آف' کرنے پر صرف [اوپر تیر والے بٹن] کو دبانے سے وزن محفوظ ہو گا۔

(ON/OFF) A.SAu OFF

سیونگ موڈ (SAVING MODE) کو تبدیل کرنے کیلئے (SEt A.SAv) کو منتخب کر کے [سیٹ بٹن] دبائیں اس سے آپ ترمیمی موڈ میں داخل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کے ['اوپر' اور 'نیچے' تیر والے بٹن]۔ کا استعمال کرتے ہوئے 'آن' یا 'آف' کو منتخب کریں۔ پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے سیٹنگ محفوظ ہو جائے گی اور ترمیمی موڈ سے نکل جائینگے۔ یا آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترمیم منسوخ ہو کر ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آجائیں گے۔

### 2.8. AUTO OFF TIME

SEt A.OFF

اگر یہ اسکیل () یعنی پیمانہ استعمال میں نہیں اور کسی وجہ سے آف کرنا یاد نہیں رہا تو بیٹری کو ڈسچارج ہونے سے بچانے کیلئے یہ اسکیل کچھ وقت انتظار کرنے کے بعد خود بخود آف (بند) ہو جائے گا۔

'آف' ہونے کے انتظار کے وقت کو (آٹو آف ٹائم AUTO OFF TIME ) کہتے ہیں۔ اس سیٹنگ میں وقت کو سیکنڈوں میں درج کیا جاتا ہے۔

(4 منٹ کے وقت کو سیکنڈوں میں 240 درج کریں گے)۔ A.OFF 240 (240 seconds equals to 4 minutes. 4x60=240)

آٹو آف ٹائم (AUTO OFF TIME) کو تبدیل کرنے کیلئے (SEt A.OFF) کو منتخب کر کے [سیٹ بٹن] دبائیں اس سے آپ ترمیمی موڈ میں داخل ہو جائیں گے۔ اس کے ['اوپر' اور 'نیچے' تیر والے بٹن]۔ کا استعمال کرتے ہوئے 'سیکنڈوں' کو منتخب کریں۔ پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے سیٹنگ محفوظ ہو جائے گی اور ترمیمی موڈ سے نکل جائینگے۔ یا آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترمیم منسوخ ہو کر ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آجائیں گے۔

### 2.9. STABILIZATION TIME: (SEt Stb)

SEt Stb

وقت کے انتخاب کی حد (0.1 سیکنڈ سے لیکر 2.0 سیکنڈ تک)

وزن کو خود کار طریقے سے سیو () یعنی محفوظ کرنے کیلئے فلٹر ٹائم اور سٹیبلا ئیزیشن ٹائم کی ضرورت پڑتی ہے۔

وزن کو خود کار طریقے سے محفوظ کرنے کیلئے کم از کم کتنی دیر کیلئے ساکت یا مستحکم رہنا چاہیئے، اس دورانیہ کو ہم سٹیبلائزیشن ٹائم کہتے ہیں۔

سٹیبلا ئیزیشن ٹائم پرندے کی فعالیت (Activeness)چاق وچوبند، جانداری یا سستی پر منحصر ہے۔ اگر پرندہ (مرغی) زیادہ چاق وچوبند اور توانا ہے تو وہ زیادہ وقت کیلئے ساکت نہیں رہتی اور مسلسل ہلنے سے وزن بھی زیادہ وقت کیلئے مستحکم نہیں ہو پاتا۔ ایسی صورت میں سٹیبلا ئیزیشن ٹائم کو کم کر دیا جاتا ہے، تا کہ کم سے کم وقت میں بھی خود کار طریقے سے وزن کو محفوظ کیا جاسکے۔

سٹیبلا ئیزیشن ٹائم کو کم کرنے سے پیمائش کی رفتار بڑھ جائے گی، لیکن ساتھ میں وزن کی درستگی (Accuracy) تھوڑی کم ہو سکتی ہے، سٹیبلا ئیزیشن ٹائم کو بڑھانے سے وزن کی درستگی (Accuracy) بہت بڑھ جاتی ہے لیکن پیمائش کی رفتار کم ہو جاتی ہے۔ ہمارے مشاہدے کے حساب سے 0.8 سیکنڈ سے 1.0 سیکنڈ تک کا وقت سب سے بہتر ہے، جس میں وزن کی رفتار اور وزن کی درستگی (Accuracy)دونوں بہتر رہتی ہے۔

سٹیبلا ئیزیشن ٹائم کو تبدیل کرنے کیلئے پہلے اوپر والی سیٹنگ (SEt Stb)منتخب کریں، پھر [سیٹ بٹن] دبا کے ترمیمی موڈ میں جائیں، پھر [تیر والے بٹنوں] ( ) کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ وقت درج کریں۔ پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے نئے وقت کا اندراج محفوظ ہو کر ترمیمی موڈ سے واپس آجائے گا۔ یا آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترمیم منسوخ ہو کے ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آجائیں گے۔ یاد رکھیں کہ وقت کے انتخاب کی حد 0.1 سیکنڈ سے لیکر 2.0 سیکنڈ تک ہے۔

## FILTER TIME .2.10

SEt FLtr

وقت کے انتخاب کی حد (0.1 سیکنڈ سے لیکر 2.0 سیکنڈ تک)

اسکیل (Scale)یعنی پیمانہ پر جب ہم نیا وزن ڈالتے ہیں تو ایک وزن سے دوسرے وزن تک پہنچنے کے وقت کو فلٹر ٹائم کہتے ہیں، یا عام الفاظ میں پیمائش کا دورانیہ کہہ سکتے ہیں۔
فلٹر ٹائم کو کم کرنے سے پیمائش کی رفتار بڑھ جائے گی، لیکن ساتھ میں وزن کی درستگی (Accuracy) تھوڑی کم ہو سکتی ہے، فلٹر ٹائم کو بڑھانے سے وزن کی درستگی (Accuracy)بہت بڑھ جاتی ہے لیکن پیمائش کی رفتار کم ہو جاتی ہے۔ ہمارے مشاہدے کے حساب سے 0.8 سیکنڈ سے 1.0 سیکنڈ تک کا وقت سب سے بہتر ہے، جس میں وزن کی رفتار اور وزن کی درستگی (Accuracy)دونوں بہتر رہتی ہے۔

FLtr 2.

فلٹر ٹائم کو تبدیل کرنے کیلئے اوپر والی سیٹنگ (SEt FLtr)منتخب کریں۔ پھر [سیٹ بٹن] دبا کے ترمیمی موڈ میں جائیں، پھر [تیر والے بٹنوں] ( ) کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ وقت درج کریں۔ پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے نئے وقت کا اندراج محفوظ ہو کر ترمیمی موڈ سے واپس آجائے گا۔ یا آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترمیم منسوخ ہو کے ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آجائیں گے۔ یاد رکھیں کہ وقت کے انتخاب کی حد 0.1 سیکنڈ سے لیکر 2.0 سیکنڈ تک ہے۔

## DIVISION (RESOLUTION) .2.11

To select the minimum increment or resolution in grams. SEt StEP

Change value using & keys and Press to save changes or Press to discard and go back.

(1 to 100) StEP 10

## CALIBRATION .2.12

SEt CAL

اگر کسی وجہ سے یہ اسکیل (Scale)یعنی پیمانہ غلط وزن دکھا رہا ہے، تو اس کو ٹھیک کلیبریٹ (Calibrate) یہاں سے کر سکتے ہیں۔

احتیاطی طور پہ پورا طریقہ یہاں پر نہیں بتایا جا رہا ہے۔ اگر آپ کو کلیبریشن (Calibration) کرنے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے تو آپ ہماری ہیلپ لائن یا ویب سائیٹ پہ وزٹ کر کے ہماری مکمل رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

CAL done — CAL SUrE — CAL 3000

نوٹ کلبیریشن (Calibration) کرنے کیلئے سب سے پہلے آپ کے پاس 2 کلوگرام سے 10 کلوگرام کے درمیان کا کوئی بھی لیبارٹری سے ٹیسٹ شدہ 'درست **وزن کا پتھر**' ہونا لازمی ہے۔
بہتر وزن کیلئے ہم 3 کلوگرام کا پتھر تجویز کرتے ہیں۔

اس کے بعد مین اسکرین پر وزن کو صفر کریں، سیکشن 1.4 کے مطابق۔ وزن کو صفر کرنے کے لیے [سرخ بٹن] دبائیں۔ یہ لازمی عمل ہے۔

پھر سیٹنگز میں آ کر کلبیریشن (Calibration) کیلئے (SEt CAL) کی سیٹنگ کو منتخب کر کے [سیٹ بٹن] اور [بائیں تیر والا بٹن] + کو اکٹھا پانچ سیکنڈ تک دبائے رکھیں، اس سے اگلی سکرین کھل جائے گی۔ یہاں پر آپ کے پاس موجود (**درست وزن کے پتھر**) کا وزن ['اوپر' اور 'نیچے' تیر والے بٹن]۔ کا استعمال کرتے ہوئے منتخب کریں۔ اس کے بعد دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اسکرین پر (CAL SUrE) پیغام کے ساتھ آپ سے تصدیق مانگی جائے گی۔ اگر آپ کلبیریشن (Calibration) کئے بغیر واپس ہونا چاہتے ہیں تو [بیک بٹن] دبائیں۔
اور اگر آپ یقینی طور پر کلبیریشن (Calibration) کرنا چاہتے ہیں تو دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں، جس سے کلبیریشن (Calibration) کا عمل مکمل ہو جائے گا، اور مین اسکرین پر وزن دکھ جائے گا۔

## 2.13. SET BRIGHTNESS

SEt brt

روشنائی کی قدر 1 سے لیکر 15 تک منتخب کر سکتے ہیں۔

ڈسپلے اسکرین کی روشنائی کو یہاں سے کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے ضرورت کے حساب سے روشنی ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک چیز دھیان میں رکھیں کہ زیادہ روشنی زیادہ توانائی لے گی، جس کا اثر بیٹری کی ٹائمنگ پہ پڑے گا۔

سیٹنگ [SEt brt] کو منتخب کر کے [سیٹ بٹن] دبائیں، جس سے آپ ترمیمی موڈ میں داخل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ['اوپر' اور 'نیچے' تیر والے بٹنوں]۔ کا استعمال کرتے ہوئے روشنائی کی مقدار زیادہ یا کم کریں۔ پھر ترامیم کو محفوظ کرنے کیلئے دوبارہ [سیٹ بٹن] دبائیں۔ اس سے نئے قدر کا اندراج محفوظ ہو کر ترمیمی موڈ سے واپس آ جائیں گے۔ یا کسی بھی وجہ سے آپ ترامیم کو محفوظ نہیں کرنا چاہتے تو [بیک بٹن] دبائیں، اس سے ترامیم منسوخ ہو کے ترمیمی موڈ سے بغیر تبدیلی کئے باہر آ جائیں گے۔

brt 15

1 بہت کم روشنی کیلئے ہے، جبکہ 15 بہت زیادہ روشنی کیلئے ہے۔

## 2.14. HOUSES STARTING POINT: (SEt HSF)

HS 1 | SEt HSF

یہ سیٹنگ مستقبل میں استعمال کیلئے ہے، اس ورژن میں قابل استعمال نہیں۔۔

## 2.15. SET HOUSE

HoUSE 1 | St HoUSE

یہ سیٹنگ مستقبل میں استعمال کیلئے ہے، اس ورژن میں قابل استعمال نہیں۔۔

## 2.16. SET PEN

PEn 1 | SEt PEn

یہ سیٹنگ مستقبل میں استعمال کیلئے ہے، اس ورژن میں قابل استعمال نہیں۔۔

# STATUS.3

## BATTERY STATUS: .3.1

بیٹری کا چارج لیول معلوم کرنے کیلئے [ 'نیچے' تیر والے بٹن ] کو دبائیں۔ جس سے آپ کو اسکرین پر ۳ سیکنڈ کیلئے بیٹری کا لیول فیصد (Percentage) میں دکھ جائے گا۔

bAt 60 (Battery 60% Remaining)

واپس مین اسکرین پر جانے کیلئے [ 'بیک' بٹن ] دبائیں، یا 3 سیکنڈ تک انتظار کریں۔

## CHARGING: .3.2

جب اسکیل (Scale) کو چارجنگ پہ لگائیں گے تو اسکرین پر چارجنگ کی انڈیکیشن آجائے گی۔

CHG 58 (Chg with moving bar on left and Battery percent on right)

واپس مین اسکرین پر جانے کیلئے [ 'بیک' بٹن ] دبائیں۔

## BATTERY LOW .3.3

جب بیٹری کا چارج لیول بہت کم ہو جائے گا، تو اسکرین پر درجہ ذیل 'لو' بیٹری کا انڈیکیشن ظاہر ہو جائے گا۔ جس کا مطلب کہ بیٹری کو چارجنگ کی ضرورت ہے۔ اس لئے جلد از جلد جاری عمل کو مکمل کریں اور اسکیل کو چارجنگ پہ لگائیں۔

bAt Lo

واپس مین اسکرین پر جانے کیلئے [ 'بیک' بٹن ] دبائیں۔

## BATTERY FULL .3.4

چارجنگ مکمل ہونے کی صورت میں اسکرین پر درجذیل بیٹری فل کی انڈیکیشن نظر آجائے گی۔

bAt FULL

واپس مین اسکرین پر جانے کیلئے [ 'بیک' بٹن ] دبائیں۔

## VIEW BIRDS COUNT .3.5

پرندوں کی تعداد معلوم کرنے کیلئے [ 'سیٹ' بٹن ] کو دبائیں۔ جس سے آپ کو اسکرین پر ۳ سیکنڈ کیلئے وزن کئے گئے پرندوں کی تعداد درجہ ذیل اسکرین کی صورت میں نظر آجائے گی۔

Cnt 1

واپس مین اسکرین پر جانے کیلئے [ 'بیک' بٹن ] دبائیں، یا 3 سیکنڈ تک انتظار کریں۔